| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کی پہچان کرسکیں۔اس کی صوتی آوازاور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔اورحروف 'ا تا ڑ' کے فلیش کارڈ دکھا کرتلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | طالب علموں کوغیررسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ز' کا درست تلفظ،آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ز' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کوحرف 'ز' کافلیش کارڈ دکھایا جائے گااور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ز' ہے۔اس کے اوپر ایک نقطہ آتا ہے۔یہ حروف تہجی کا سترھواں حرف ہے۔اُس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کوزبان کافلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ ہمارے جسم کا کون سا حصہ ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ زبان ہمیں کھانا کھانے میں مدد دیتی ہے۔زبان سے ہمیں کسی بھی چیز کا ذائقہ پتا چلتا ہے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ز' کے ذخیرہ الفاظ (زیبرہ، زبان، زرافہ، زیور، زمین، زردی اورزنجیر) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ زبان کی ابتدائی آواز 'ز' ہے۔بچوں کوحرف 'ز' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔ | 10 منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ز' کے کٹ آؤٹس رنگین کاغذ پر چسپاں کر کے دیئے جائیں گے۔اور سیاہ کاغذ سے کٹی ہوئی لائنوں کو 'ز' پر چسپاں کرکے زیبرہ بنانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔بچوں کو بار بار بتایا جائے گا کہ 'زیبرا' کی ابتدائی آواز 'ز' ہے۔ | 20 منٹ | رکٹ آؤٹ،<br>کالا کاغذ،گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ز' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ز' کون سے حرف کے بعد آتا ہے اوراس کے سر پر کتنے نقطے ہوتے ہیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ز' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی صوتی آوازاور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو''حرف تہجی اُردو کے''نظم سنائی جائے گی۔بچوں کو'ز' کافلیش دکھا کراس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کوغیررسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ز' کا درست تلفظ ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ز' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ز' کی نظم سنیں گے۔<br>زرافہ آیا، زرافہ آیا    اونچی گردن والا    درخت سے پتے کھاتا ہے    اپنی دم ہلاتا ہے<br>بچوں کوخوب ہنساتا ہے    زرافہ آیا، زرافہ آیا    اونچی گردن والا<br>بچوں سے حرف 'ز' سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کران کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 40 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ز' پرانگلی پھیریے۔حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔اور 'ز' کی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔تختہ سیاہ پرڑ اور ز کی تصاویر چسپاں کی جائیں گی اور بچوں سے کہا جائے گا کہ صرف حرف 'ز' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگائیے۔ہر بچے سے انفرادی طور پر یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے زیور اور زبان کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>انڈے کی زردی میں لکھے حرف 'ز' میں پیلا رنگ بھریئے۔ | 20منٹ | ٹیپ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 40<br>فلیش کارڈ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ز' کا تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ز' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ز' کی کہانی سنیں گے۔<br>زبیر نے ناشتے میں انڈہ کھایا۔ زبیر کو انڈے کی زردی بہت پسند ہے۔ وہ دوپہر میں زنجیر سے کھیل رہا تھا۔ جب وہ تھک گیا تو کچھ دیر زمین پر بیٹھ کر آرام کرنے لگا۔ اس کے ابو نے آج ٹی وی پر خبر دیکھی کہ زیور کی قیمت پہلے سے کم ہوگئی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی جس میں وہ حرف ر، ڑ، اور ز میں سے حرف 'ز' کی نشاندہی کریں گے۔ بچوں سے حرف 'ز' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو چارٹ پیپر کی سٹرپس دی جائیں گی اور انہیں بتایا جائے گا کہ کس طرح سٹرپس کو جوڑ کر زنجیر بنائی جاسکتی ہے۔ بچوں سے زنجیر کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے زیبرا اور زرافہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>ہوپ سکوچ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ز' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ز' کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کی پہچان کرسکیں۔اس کی صوتی آوازاور اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ز' کا تلفظ،اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ز' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'ز' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ز' کا درست تلفظ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ز' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ز' کے مزید الفاظ جانیں گے۔بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے زمین،زنجیر اور زردی کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ز سے زرافہ بچوں کو پیپر پلیٹ،پیلا اور بھورا پینٹ دیا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا کہ پہلے پلیٹ کو پیلا رنگ کریں خشک ہوجانے پر بھورے رنگ سے نشان بنائیں۔ جیسے زرافہ کے اوپر ہوتے ہیں۔پیلے پیپر سے ناک اور منہ کاٹ کر پیپر پلیٹ پر چسپاں کرنے میں بچوں کی مدد کی گئی ہے اور گلو گلی آنکھیں چسپاں کرکے زرافہ مکمل کیا جائے گا۔بچوں سے زرافہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 41 کھولنے کو کہا جائے گا۔دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ آلو، کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ بچوں کو 'ز' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ز' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | پیپر پلیٹ پیلا اور بھورا پینٹ برش، پیلا پیپر، گوگلی آنکھیں،گلو،قینچی | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے زمین،زنجیر اور زردی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | کتاب صفحہ نمبر 41 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کی پہچان کرسکیں۔اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے سات الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ز' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے | 3 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ز' کا درست تلفظ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ز' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>حرف 'ز' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کون سا حرف ہے؟ تختہ سیاہ یا سفید بورڈ پر ر،ڑ،ز،ژ بغیر نقطوں اور ط کے لکھا جائے گا ۔بچوں کو نقطے بنانے پر ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ Sand letter پر حرف 'ز' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | رنگین مارکر<br>Sand letter | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ز' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کرسکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ز' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور فلیش کارڈ دکھا کر تمام الفاظ دہرائے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ز' پر پینسل پھیریے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |